**SET-4**

**Series SGN**

کوڈ نمبر **Code No. 258**

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

Roll No. | | | | | | | |

- آپ جانچ لیجیے کہ اس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد 7 ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے اُوپر صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد 25 ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15. منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح۔10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **7** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **25** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# ہوم سائنس (تھیوری)

# HOME SCIENCE (Theory)

## (Urdu Version)

مقررہ وقت : ۳ گھنٹے — کل نمبر: ۷۰

*Time allowed : 3 hours* — *Maximum Marks : 70*

## عام ہدایات:

(i) سبھی سوال لازمی ہیں۔

(ii) سوالوں کی مجموعی تعداد 25 ہے۔

(iii) سوال نمبر 1 سے 6 تک کا ہر سوال 1 نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب ایک یا دو لائینوں میں دیجیے۔

(iv) سوال نمبر 7 سے 13 تک کا ہر سوال 2 نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب 10 سے 20 لفظوں میں دیجیے۔

(v) سوال نمبر 14 و 15 ہر سوال 3 نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب 20 سے 30 لفظوں میں دیجیے۔

(vi) سوال نمبر 16 سے 21 تک کا ہر سوال 4 نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب 40 لفظوں میں دیجیے۔

(vii) سوال نمبر 22 و 25 ہر سوال 5 نمبر کا ہے۔ ہر سوال کا جواب 50 سے 60 لفظوں میں دیجیے۔

(viii) مثالوں کی مدد سے اپنے جواب لکھیے جن سوالوں میں مثالیں دینا ضروری ہیں۔

1۔ آپ اپنے قیمتی کپڑوں کو بچانے کے لیے کون سی دو احتیاطیں برتیں گے ؟ 1

2۔ نئی آر ڈی اے (RDA) کے مطابق 14 سالہ نوبالغ لڑکی کو کتنی پروٹین کی ضرورت ہے ؟ 1

3۔ کپڑے اور ٹیکسٹائل کی تعلیم حاصل کر کے آپ کی کن دو مہارتوں کی نشوونما ہوگی ؟ بیان کیجیے۔ 1

4۔ شریمتی سنگھ اپنی حاملہ بہو کے لیے کھانے کا منصوبہ بناتے وقت کن دو باتوں کا خیال رکھیں گی ؟ 1

5۔ صارف کے دو حقوق بتائیے جو آپ کو دھوکے کے وقت انصاف حاصل کرنے میں مدد کریں گے ؟ 1

6۔ اپنے دوست کو دو کورسوں کا مشورہ دیں جو XII کلاس کے بعد ہوم سائنس میں کیریئر بنانا چاہتی ہے۔ 1

7۔ ''نوبلوغیت کے دوران سبھی (Adolescence) نوبلوغت کو پہچان کے نازک مرحلہ (بحران) کا تجربہ ہوتا ہے۔'' کیا آپ اس بیان کی تائید کرتے ہیں؟ دو مناسب مثالوں کے ساتھ اپنے جواب کی تائید کیجیے۔ 2

**8۔** گھریلو حساب کتاب (ریکارڈ) بنائے رکھنے کا ایک ہفتہ وار فارمیٹ تیار کریں۔ 2

**9۔** ایک 60 سالہ شخص کی سماجی ضرورتوں کو پورا کرنے کے کوئی چار طریقے بتائیے۔ 2

**10۔** بیماریاں اور مرض کسی شخص کی غذا کی سطح کو کس طرح متأثر کرتے ہیں ؟ اپنے خیال کی تائید دو مثالوں سے کیجیے۔ 2

**11۔** آپ کی ماں نے ڈبل روٹی (Loaf of Bread) خریدنے کے لیے آپ کو ایک ڈپارٹمنٹل اسٹور پر بھیجا۔ اس کے لیبل پر آپ کن چار خوبیوں کو دیکھیں گے۔ 2

**12۔** کپڑے کے اوپر سے گندگی کو ہٹانے میں صابن اور ڈٹرجنٹ (Detergent) کے کام سمجھائیے۔ 2

**13۔** گرم رنگ و ٹھنڈے رنگ انسان کی شخصیت کو متأثر کرتے ہیں۔ اپنی بات کو صحیح ثابت کرنے کے لیے ہر ایک کی دو دو مثالیں دیجیے۔ 2

14۔ ہوم سائنس کے لیب (Lab) میں کام کرتے وقت آپ نے اپنی سفید قمیض پر دھبہ لگالیا۔اس دھبے کو ہٹاتے وقت آپ کن چھ عام اصولوں کو اپنائیں گے۔؟ 3

15۔ دسویں کلاس کے طالب علموں کا گروپ تفریحی سفر کے لیے جا رہا ہے۔کلورین گولیوں کا استعمال کر کے انھیں پانی کی صفائی کا طریقہ دکھائیں۔انھیں کلورین کی گولیوں کو استعمال میں لانے کے کوئی دو فائدے بھی سمجھائیے۔ 3

16۔ نجی صفائی (پرسنیل ہائجین) سے آپ کیا سمجھتے ہیں ؟ آپ نے ہوم سائنس لیب میں اپنانے والے چھ کیے جانے والی اور چھ نہ کیے جانے والی چیزوں کا ذکر کرتے ہوئے چارٹ بنائیے۔ 4

17۔ کوئی بھی چار حالات سمجھائیے جن میں صارف سی پی اے (CPA) میں شکایت درج کرسکتا ہے۔اور اس ایکٹ کے تحت صارف کے لیے موجود کسی چار راحتوں کی فہرست بنائیے۔ 4

18۔ ایک نئے شادی شدہ جوڑے کی چار نئی ذمہ داریاں لکھیے۔اور ان چار مہارتوں کو سمجھائیے جن کی انھیں ان ذمہ داریوں کو سنبھالنے کے لیے ضرورت ہوگی۔ 2+2=4

19۔ خوراک کو ملاوٹی کب کہتے ہیں ؟ اپنے جواب کی تائید میں کوئی چار باتیں بتائیے۔ کسی ایک ملاوٹی چیز کا نام لکھیے جو اَرہر کی دال میں موجود ہو سکتی ہے اور صحت پر اس کے دو خطروں کے بارے میں لکھیے۔ 2+1+1=4

20۔ سرمایہ کاری کی تعریف لکھیے، کسی بھی دو زیادہ مدت کی اسکیموں (Long term schemes) کا نام لکھیے جو کسی شخص کو اپنی بچت کا زیادہ استعمال کرنے کے لیے سرمایہ کاری کرنے میں مدد کریں گی۔ ہر ایک کے دو فائدے اور دو نقصان لکھیے۔ 4

21۔ الگ الگ عمر کے لوگوں کے لیے الگ الگ کپڑوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ اپنی 5 سال کی بہن اور 13 سال کے بھائی کے لیے کپڑے خریدتے وقت کن چار باتوں کا خیال رکھیں گے ؟ 4

22۔ اچھی کاریگری دیکھنے کے لیے ندھی بنے بنائے گاؤن میں کون سی چھ خوبیاں دیکھے گی۔ لیبل میں کون سا مارک سو فی صدی سلک اصلی ہونے کو ظاہر کرے گا۔ اس ہر ایک کے لوگو (Logo) کی تصویر بنائیے۔ 5

23۔ براہِ راست اور بالواسطہ اصل آمدنی فرق بتائیے کوئی بھی تین طریقے بتائیے جس کے ذریعے آپ اور آپ کے کالج میں پڑھ رہے بھائی اپنی فیملی کی آمدنی کو بڑھا سکتے ہیں۔ 5

24۔ شوگر کی بیماری کی کوئی چار علامتیں بتائیے۔ اس کی پرہیزی غذا مینجمنٹ میں چار اہم خیال رکھنے والی لسٹ دیں۔ کسی کھانے کی دو چیزوں کے نام دیں جنھیں شوگر کے مریض کو آزادی کے ساتھ لینے کی اجازت دی جانی چاہیے۔ 5

25۔ نوبلوغیت میں مادے کے غلط استعمال (Substance abuse) کے چار اسباب کو کلاس 10 ویں اور 11 ویں کے طالب علموں کے گروپ کو تعلیم دیں۔ جسمانی اور ذہنی صحت پر مادے کے غلط استعمال کے کوئی دو نتیجے بتائیے۔ اس کو قابو میں رکھنے کے دو طریقے بھی بتائیے۔ 5